
6th August, 2024

# A HIGH 62% OF PAKISTANIS CLAIM THEY ARE BOYCOTTING 'ISRAELI BRANDS' IN RESPONSE TO THE GAZA WAR; BOYCOTT BEHAVIOR IS MORE PREVALENT AMONG URBAN RESIDENTS AND PEOPLE UNDER 30: GALLUP & GILANI PAKISTAN

پاکستانیوں کی بڑی 62% شرح نے یہ دعویٰ کیا کہ وہ غزہ میں جاری جنگ کے جواب میں 'اسرائیل کی برانڈز' کا بائیکارٹ کررہے ہیں، بائیکارٹ کرنے کی شرح شہری رہائشتوں اور 30 سال سے کم عمر افراد میں زیادہ پائی گئی ۔

Question: Some people are boycotting certain Israeli brands because of the war between Israel and Gaza. Please let me know if you are personally boycotting specific Israeli brands?



(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

دیگر مسائل

## پاکستانیوں کی بڑی تعداد 62% نے دعویٰ کیا کہ وہ غزہ میں جاری جنگ کے جواب میں 'اسرائیل کی برانڈز' کا بائیکاٹ کررہے ہیں، بائیکاٹ کرنے کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اور 30 سال سے کم عمر افراد میں زیادہ پائی گئی۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد) ،06 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی بڑی تعداد 62% نے دعویٰ کیا کہ وہ غزہ میں جاری جنگ کے جواب میں 'اسرائیل کی برانڈز' کا بائیکاٹ کررہے ہیں، بائیکاٹ کرنے کی شرح شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی جو کہ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کے مقابلے میں 9% زیادہ رہی۔ اس کے علاوہ، ہر عمر کے گروپ کے لحاظ سے ، 30 سال سے کم عمر افراد میں اسرائیل کی برانڈز کا بائیکارٹ کرنے کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی ۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" بعض لوگ اسرائیل اور غزہ کی جنگ کی وجہ سے اسرائیل کی مخصوص برانڈز کا بائیکاٹ کر رہے ہیں۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ ذاتی طور پر بھی اسرائیل کی مخصوص برانڈز کا بائیکاٹ کر رہے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 62% جوابدہندگان کے مطابق ''ہاں'' وہ ذاتی طور پر بھی اسرائیل کی مخصوص برانڈز کا بائیکاٹ کر رہے ہیں، جبکہ 24% جوابدہندگان کے مطابق ''نہیں'' وہ ذاتی طور پر اسرائیل کی برانڈز کا بائیکاٹ نہیں کر رہے ہیں، تاہم 14% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" بعض لوگ اسرائیل اور غزہ کی جنگ کی وجہ سے اسرائیل کی مخصوص برانڈز کا بائیکاٹ کر رہے ہیں۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ ذاتی طور پر بھی اسرائیل کی مخصوص برانڈز کا بائیکاٹ کر رہے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>جنس کے اعتبار سے:</u>** غزہ میں ہونے والی جنگ کے جواب میں ذاتی طور پر اسرائیل کی برانڈز کا بائیکاٹ کرنے کی شرح پاکستانی خواتین (58%) کی نسبت پاکستانی مرد حضرات (65%) میں زیادہ پائی گئی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com)](http://www.gilanifoundation.com)*

**<u>شہری - دیہی علاقوں کے اعتبار سے:</u>** دیہی علاقوں میں رہنے والے (59%) افراد کے مقابلے میں، شہری علاقوں میں رہنے والے (68%) افراد کی زیادہ شرح ذاتی طور پر اسرائیل کی مخصوص برانڈز کا بائیکاٹ کرتی نظر آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com)](http://www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے:** غزہ میں جاری جنگ کے جواب میں اسرائیل کی برانڈز کا بائیکاٹ کرنے والوں کی سب سے زیادہ شرح 30 سال سے کم عمر افراد میں (67%) میں پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح 30 سے 50 سال کے افراد میں (59%) اور 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں (56%) پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 769 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 6th August, 2024**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)